# ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

## ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کے اِجلاس منعقدہ مورخہ 2026-07-07 کی روئیداد

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کا اِجلاس آج مورخہ 2026-07-07 بروز جمعہ بوقت 04:00 بجے سہ پہر زیرِ صدارت جناب بختاور تنویر شیخ صاحب، صدر ایوان بحاضری درجِ ذیل اراکین دفتر ایوان واقع شاہراہِ ایوان تجارت و صنعت ملتان میں منعقد ہوا اور درج ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی:-

۱. جناب بختاور تنویر شیخ صاحب
۲. جناب محمد محسن مسعود خواجہ صاحب
۳. جناب محمد اظہر بلوچ صاحب
۴. جناب ظفر اقبال صدیقی صاحب
۵. جناب میاں رجب حسین کھوکھر صاحب
۶. جناب محمد رمضان بھٹہ صاحب
۷. جناب مجیداللہ خان صاحب
۸. جناب خواجہ محمد ارشد صاحب
۹. جناب شیخ محمد یٰسین صاحب
۱۰. جناب محمد طارق خان صاحب
۱۱. جناب رضا عمار صاحب
۱۲. جناب محمد عارف صاحب
۱۳. جناب محمد سرفراز صاحب
۱۴. جناب ارشد اقبال شیخ صاحب
۱۵. جناب عمار یاسر خواجہ صاحب
۱۶. جناب الطاف شاہد صاحب
۱۷. جناب شیخ فیصل سعید صاحب
۱۸. جناب عامر علی خان صاحب
۹۱. محترمہ ارم راشد صاحبہ
۲۰. محترمہ حنا چغتائی صاحبہ

**مجلسِ عاملہ کے درجِ ذیل اراکین کو Leave of absence دی گئی:-**

۱. جناب میاں ادریس احمد شیخ صاحب
۲. جناب خواجہ ذوالفقار علی صدیقی صاحب
۳. جناب وسیم اختر صاحب
۴. جناب شیخ محمد امجد صاحب

**مجلسِ عاملہ کے درج ذیل اراکین وفات پا گئے:**

۱. جناب میاں ابرار صاحب (مرحوم)
۲. جناب شیخ ظفر حسین صاحب (مرحوم)

**Ex. Officio**

۱. جناب میاں راشد اقبال صاحب نے بطور ایکس آفیشو ممبر شرکت کی۔

(PTO)

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| ۱۔ | آغاز اجلاس۔ | اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔<br>تلاوت کے بعد درج ذیل تعزیتی قرارداد پیش کی گئیں:<br><br>1. جناب میاں ابرار احمد صاحب، (ممبر مجلسِ عاملہ ایوان)<br>2. والدہ محترمہ جناب مجید اللہ خان صاحب، (ممبر مجلسِ عاملہ ایوان)<br>3. اہلیہ محترمہ جناب خواجہ محمد شعیب صاحب، والدہ محترمہ خواجہ محمد عبدالقادر و خواجہ غلام سبحانی<br>4. والدہ محترمہ جناب اورنگزیب عالمگیر صاحب (سابق ممبر مجلسِ عاملہ ایوان)<br>5. والد محترم جناب چوہدری محمد اعظم صاحب (سابق ممبر مجلسِ عاملہ ایوان)<br>6. اہلیہ محترمہ جناب خواجہ محمد شفیق صاحب، والدہ محترمہ خواجہ عمار یاسر - ممبر مجلسِ عاملہ ایوان<br>7. ہمشیرہ محترمہ جناب شیخ محمد امجد صاحب-(سابق نائب صدر ایوان)<br>8. ہمشیرہ محترمہ جناب شیخ محبوب الٰہی صاحب-(سابق ممبر مجلسِ عاملہ ایوان)<br>9. جناب خواجہ جلال الدین رومی صاحب - (سابق صدر ایوان)<br>10. جناب شیخ ظفر حسین صاحب، (ممبر مجلسِ عاملہ ایوان)<br>11. جناب میاں ریاض احمد صاحب، (ڈائریکٹر سن ریز ٹیکسٹائل لمٹیڈ و انڈس ڈائنگ کمپنی)<br>12. جناب چوہدری محمد رفیق صاحب، (چیئرمین یعقوب گروپ آف انڈسٹری)<br>13. والدہ محترمہ جناب محمد سرفراز صاحب، (سابق صدر ایوان)<br>مندرجہ بالا مرحومین کے انتقال پر مجلس عاملہ نے گہرے دُکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے ان کی روح کے ایصالِ ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور متفقہ طور پر تعزیتی قرارداد منظور کی اور سیکرٹری جنرل کو ہدایت کی کہ مذکورہ مرحومین کے لواحقین کو تعزیتی قرارداد کی نقول بھجوائی جائیں۔ |
| ۲۔ | توثیق کاروائی گذشتہ اجلاس مجلس عاملہ۔ | سابقہ اجلاس کی کاروائی جو کہ پہلے ہی تمام اراکین مجلس عاملہ کو بھجوائی جا چکی تھی اور چیمبر کی ویب سائٹ پر بھی موجود تھی کی مجلس عاملہ ایوان نے متفقہ طور پر اس کی منظوری دی۔<br>مجلسِ عاملہ کے اراکین میں سے شیخ فیصل سعید اور ارشد اقبال شیخ نے کہا کہ ہمیں گذشتہ اجلاس کی کاروائی (Minutes) کی کاپیاں اسی وقت فراہم کی جائیں تو ان کے کہنے پر تمام اراکین مجلس عاملہ کو موقع پر بھی کاپیاں فراہم کی گئیں۔ مجلس عاملہ کے اراکین کی ہدایت پر اگلے تمام اجلاس مجلسِ عاملہ کا نوٹس اور ایجنڈا تمام مجلس عاملہ کو الگ الگ ای میل بھی کیا جائے گا اور مشترکہ طور پر واٹس ایپ گروپ میں بھی پوسٹ کیا جائے گا۔ |

| نمبرشمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| 3. | درخواست ازطرف سیکریٹریٹ سٹاف ایوان تجارت وصنعت ملتان برائے مبینہ نامناسب رویہ(Alleged Misconduct) پرغوروخوض۔ | سیکریٹری جنرل ایوان محمد شفیق نے سیکریٹریٹ سٹاف محمد ساجد انصاری، اسسٹنٹ سیکریٹری اورمحمد سعد، ممبرشپ آفیسر کی جانب سے بنام شیخ فیصل سعید، ممبرمجلسِ عاملہ کے خلاف نامناسب رویہ (Alleged Misconduct) سے متعلق سیکریٹری جنرل کو دی گئی درخواست مجلسِ عاملہ کے سامنے برائے رپورٹ پیش کی۔ |

سیکریٹری جنرل ایوان نے مجلسِ عاملہ کوآ گاہ کیا کہ چیمبر کے طریق کار کے مطابق، چیمبر سیکریٹریٹ کی جانب سے دی گئی درخواست کو صدر ایوان کو برائے مناسب کاروائی پیش کیا گیا جس پر صدر ایوان نے مجلسِ عاملہ کا اجلاس بلایا تا کہ یہ معاملہ باقاعدہ ممبران مجلسِ عاملہ کے نوٹس میں دیا جا سکے۔

سیکریٹری جنرل ایوان نے شیخ فیصل سعید کے خلاف شکایتی درخواست کو مجلسِ عاملہ کے سامنے مکمل پڑھ کر سنایا۔ صدر ایوان نے شیخ فیصل سعید بطور ممبر مجلسِ عاملہ کی جانب سے چیمبر کے عملہ کو ہراساں کرنے اور ویڈیو بنانے کے عمل کو شرمناک قرار دیا اور مجلس عاملہ کو تجویز پیش کی کہ یہ معاملہ باقاعدہ انکوائری کے لیے چیمبر میں پہلے سے موجود ممبرز افیئرز کوارڈینیشن کمیٹی کے سپرد کیا جائے تا کہ ثبوت اور شواہد کی بنیاد پر شکایتی درخواست کا فیصلہ کیا جا سکے۔ صدر ایوان کی تجویز پر مجلس عاملہ نے اکثریتی رائے کے ساتھ متفقہ فیصلہ کیا کہ یہ معاملہ ممبرز افیئرز کوارڈینیشن کمیٹی کے سپرد کیا جائے تا کہ باقاعدہ انکوائری کی جا سکے۔ اس موقع پر ممبر ایگزیکٹو کمیٹی شیخ فیصل سعید نے اپنا موقف پیش کرنے کی درخواست کی جسے مجلس عاملہ نے منظور کیا، شیخ فیصل سعید نے اپنے موقف میں کہا کہ ایسا کوئی واقعہ چیمبر میں سرے سے پیش ہی نہیں آیا یہ سراسر غلط الزام ہے۔ بعدازاں انہوں نے ازخود واقعہ کی تفصیلات بتانا شروع کر دیں اور اپنے بیانیے میں کہا کہ انہوں نے محمد سعد کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کرتے ہوئے کہا کہ چیمبر کا عملہ میری ممبرشپ درخواستوں پر ممبرشپ نہیں دے رہا اور میرے ساتھ پرسنل ہو رہا ہے اس موقع پر سیکریٹری جنرل ایوان نے مجلس عاملہ کو واضح کیا کہ شیخ فیصل سعید کی 6 ممبرشپ کی درخواستیں چیمبر کی ممبرشپ کمیٹی نے منظور کر دی ہیں اور باقی جو نئی آئی ہیں ان کی جانچ پڑتال کے بعد ممبرشپ دے دی جائے گی۔

شیخ فیصل سعید نے دوبارہ بات جاری رکھتے ہوئے کہا کہ محمد سعد کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے انہیں غصہ آیا جس پر انہوں نے محمد سعد کو کہا کہ میں تمہیں اور تمہارے بڑوں کو دیکھ لوں گا شیخ فیصل سعید نے یہ بھی تسلیم کیا کہ محمد زین نامی شخص ان کا ذاتی ملازم ہے اور ان کے کہنے پر ہی زین نامی شخص نے ویڈیو بھی

(PTO)

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| | | بنائی ہے۔ اس کے بعد سیکرٹری جنرل ایوان نے مجلس عاملہ کو آگاہ کیا کہ نئی ممبر شپ کے حوالے سے چیمبر میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے اور یہ پورے سال میں کسی بھی وقت حاصل کی جا سکتی ہے۔ اس سلسلے میں مجلس عاملہ سے منظور شدہ ممبر شپ کمیٹی SOPs کے تحت نئی ممبر شپ کے کیسز کو نمٹاتی ہے اور آج کی تاریخ تک کوئی ممبر شپ ریجیکٹ نہیں کی گئی اور کسی کی پیمنٹ رسید یا ممبر شپ سرٹیفکیٹ نہیں روکا گیا۔<br>مجلس عاملہ نے تمام معاملہ پر غور وخوض کے بعد متفقہ منظور کیا کہ اس معاملے کی انکوائری ممبرز افیئرز کوارڈینیشن کمیٹی کے ذریعے کی جائے اور انکوائری کی رپورٹ مجلس عاملہ کو پیش کی جائے تاکہ رپورٹ پر فیصلہ کیا جا سکے۔<br><br>مزید برآں صدر ایوان نے مجلس عاملہ کو تجویز پیش کی کہ چیمبر میں اس قسم کے ناخوشگوار واقعات کی روک تھام کے لیے درج ذیل اقدامات ضروری ہیں تاکہ چیمبر کا عملہ بغیر کسی دباؤ کے کام کر سکے اور چیمبر کا ورکنگ انوائرمنٹ بہتر ہو سکے:<br>1. چیمبر میں سکیورٹی کیمروں کی تعداد بڑھائی جائے<br>2. میڈیا ، سوشل میڈیا یا کسی ممبر کی جانب سے کسی کو کیمرہ یا موبائل سے بغیر اجازت ویڈیو بنانے کے عمل کو ممنوع قرار دیا جائے<br>3. کسی بھی قسم کی سروس لینے کے لیے ممبران کے نمائندے با قاعدہ اتھارٹی لیٹر پیش کریں تاکہ ممبران کا ریکارڈ کوئی غیر متعلقہ شخص حاصل نہ کر سکے<br>4. چیمبر کے عملہ کو ہراساں یا تشدد کی صورت میں فوراً 15 کال کی جائے تاکہ سکیورٹی کے پیش نظر عملہ کو تحفظ فراہم کیا جائے<br>5. کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں چیمبر کا عملہ فوری طور پر ممبرز افیئرز کوارڈینیشن کمیٹی کو فوری طور پر اطلاع کرے<br>مجلس عاملہ نے اکثریتی رائے سے متفقہ طور پر مندرجہ بالا تجاویز کو منظور کیا اور سیکرٹری جنرل ایوان کو ہدایت کی کہ ان اقدامات پر فوری عملدرآمد کیا جائے۔ |
| 4. | حتمی منظوری برائے نئی ممبر شپ<br>( کارپوریٹ + ایسوسی ایٹ کلاس ) | سیکرٹری جنرل نے مجلس عاملہ کو ایوان کے نئے ممبران کی لسٹ جو کہ ایوان کی ممبر شپ کمیٹی نے SOPs کے مطابق Approve کر دی ہیں، برائے اطلاع پیش کی اور ان کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ مجلس عاملہ نے بااتفاق رائے نئے ممبران کی منظوری دی۔ مزید برآں شیخ فیصل سعید کی جانب اٹھائے گئے سپر ارجنٹ ممبر شپ حاصل کرنے میں تاخیر کے حوالے سے اعتراض پر صدر ایوان نے مجلس عاملہ کو تجویز پیش کی کہ ایوان کی نئی ممبر شپ کے حصول کے لیے ارجنٹ ممبر شپ اور سپر ارجنٹ ممبر شپ کی فیس کو ختم کیا جائے اور نئی ممبر شپ SOPs کے مطابق 15 دنوں کے اندر اندر گرانٹ کر دی جائے تاکہ سپر ارجنٹ اور ارجنٹ ممبر شپ فیس کے حوالے سے پیش آنے والی قباحت کو ختم کیا جا سکے |

(PTO)

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| | | مجلس عاملہ نے اکثریتی رائے کے ساتھ متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ چیمبر کی ممبر شپ کمیٹی فوری طور پر سپر ارجنٹ اور ارجنٹ ممبر شپ فیس ختم کر کے 15 دنوں کے اندر اندر کاغذات کی جانچ پڑتال اور ممبر کے انٹرویو کے بعد ایس او پیز کے مطابق ممبر شپ گرانٹ کرنے، مسترد کرنے یا زیرِ التواٗ رکھنے کا فیصلہ کرے اور ممبر شپ درخواست فارم میں سے سپر ارجنٹ اور ارجنٹ ممبر شپ کی شرط کو فوری طور پر ختم کر دیا جائے۔ تاہم اگر کوئی ارجنٹ معاملہ ہو تو ممبر شپ کمیٹی کسی ممبر شپ کی درخواست کو تمام ضروری لوازمات مکمل کرنے کے بعد فوری بھی نمٹا سکتی ہے۔<br>شیخ فیصل سعید اور ارشد اقبال شیخ کی جانب سے ممبر شپ درخواستوں اور سیکریٹری جنرل کے نام ارسال کیے گئے خطوط کی وصولی سے متعلق معاملے پر مجلسِ عاملہ نے سیکریٹری ایوان کو ہدایت کی کہ تمام درخواستیں اور لیٹرز کو چیمبر کے ڈاک رجسٹر پر اندراج کے بعد ان پر ڈائری نمبر لگایا جائے اور Receiving درخواست دہندہ کو فراہم کی جائے۔ تاہم خاص طور پر نئی ممبر شپ کے حصول کیلئے دی گئی درخواستوں کی وصولی کی تاریخ سے ہرگز یہ مطلب نہ لیا جائے کہ ممبر شپ اسی تاریخ سے گرانٹ کی جائے گی۔ ممبر شپ کی Date of Enrolement ممبر شپ کی سکروٹنی اور ممبر شپ فیس جو کہ بذریعہ پے آرڈر اور چیک ادا کی جاتی ہے، اس پیمنٹ کی بینک سے تصدیق کے بعد چیمبر کی طرف سے مروجہ پیمنٹ رسید جاری ہونے کی تاریخ سے شمار کی جائے گی۔<br>مزید برآں نئی ممبر شپ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ، ٹریڈ آرگنائزیشن رولز اور ایوان کے منظور شدہ میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے مطابق صرف اور صرف ملتان چیمبر کی Jurisdiction Limit میں موجود Business Concern کو گرانٹ کی جاسکتی ہے۔ |
| 5. | اور کوئی معاملہ بہ اجازت صاحب صدر۔ | اب کیونکہ اور کوئی معاملہ برائے زیرِ غور نہیں تھا لہٰذا اجلاس کی کاروائی صدر صاحب کے شکریہ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔ |



صدر

ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

CamScanner